برسبین ٹیسٹ میں پاکستان کو ایک اننگز اور 5 رنز سے شکست

لاہور،24نومبر2019ء:

پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ میں میزبان ٹیم نےفاسٹ باؤلرز کی عمدہ کارکردگی کی بدولت فتح حاصل کرلی ہے۔ گابا ، برسبین میں کھیلے گئےمیچ میں بابراعظم کی سنچری اور محمد رضوان کی بھرپور مزاحمت کے باوجود قومی کرکٹ ٹیم کو ایک اننگز اور 5رنز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

میچ کے چوتھے روز قومی کرکٹ ٹیم کی جانب سے شان مسعود اور بابراعظم نے 3وکٹوں کے نقصان پر 64رنز سے دوسری اننگز کا دوبارہ آغاز کیا تو پاکستان میچ میں 276 رنز کے خسارے کاشکارتھا۔ شان مسعود اور افتخار احمد کے آؤٹ ہونے سے 94 کے مجموعی اسکور پر پاکستان کی آدھی ٹیم پویلین واپس لوٹ چکی تھی۔

اس موقع پر نائب کپتان بابراعظم اور وکٹ کیپر بیٹسمین محمد رضوان نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کیا اور چھٹی وکٹ کے لیے 132رنز کی شراکت قائم کی۔ بابراعظم 104رنز بناکر نیتھن لائن کا شکار بنے۔

نائب کپتان کا ساتھ چھوٹنے کے بعد محمد رضوان نے یاسر شاہ کے ساتھ مل کر میزبان ٹیم کےباؤلرز کے سامنے مزاحمت کا سلسلہ جاری رکھا تاہم وہ ٹیم کو اننگز کی شکست سے نہ بچا سکے اور نروس نائنٹیز کا شکار ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔ محمد رضوان 95 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔

پاکستان کی پوری ٹیم دوسری اننگز میں 335 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ یاسر شاہ اور شان مسعودنے 42، 42رنز بنائے۔

اس سے قبل قومی کرکٹ ٹیم کے 240 رنز کے جواب میں آسٹریلیا نے پہلی اننگز میں 580 رنز بنائے تھے۔

آسٹریلیا کی جانب سے مچل اسٹارک نےمیچ میں 7 جبکہ ہیزل ووڈ نے 6 وکٹیں حاصل کیں۔

میچ میں سب سے زیادہ رنز اسکور کرنے پر آسٹریلیا کے لبوشین کو مین آف دی میچ کا انعام دیا گیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk